تعارف

اس ماڈیول میں سوشل سائنس کی ایک اہم شاخ مضمون معاشیات کے بارے میں معلومات فراہم کی گئی ہے۔آ ج کل متعدد معاشی مسائل بشمول وہ امور جو روزمرہ زندگی سے متعلق ہیں، ہر شہری کی توجہ مبذول کرتے ہیں۔روز بہ روز کے معاملوں میں معاشیات کے موثر اطلاق سے وسائل کے مخصوص مجموعے کے ذریعہ فرد کی فلاح و بہبود میں اضافہ ہوسکتا ہے۔یہ ماڈیول تین اسباق (1) معاشیات کیا ہے(2) احتیاجات اور وسائل اور (3)اشیا اور خدمات پر مشتمل ہے جن کو اس طرح وضع کیا گیا ہے کہ وہ موضوع پر بصیرت فراہم کرے جس سے طالب علم کو واضح طور پر مختلف تصورات کو سمجھنے میں مدد ملے گی اور ساتھ ہی ساتھ حقیقی دنیا کے منظرنامے میں ان تصورات کے اطلاق کے بھی وہ اہل ہوسکیں گے۔

فرہنگ اصطلاحات

احتیاج(Ends, wants)	:	حاجت
ذرائع (Means)	:	وسائل
جزوی معاشیات (Micro-economics)	:	معاشیات کی ایک شاخ جس کا تعلق معیشت کی انفرادی اکائیوں سے ہے۔
کلی معاشیات (Macro-economics)	:	معاشیات کی ایک شاخ جس کا تعلق مجموعی یا کلی معیشت سے ہے۔
مثبت معاشیات (Positive economics)	:	معاشیات جس کا تعلق 'کیا ہے'، 'کیا تھا' اور 'کیا ہوگا' سے ہے۔
معیاری معاشیات (Normative economics)	:	معاشیات جس کا تعلق 'کیا ہونا چاہیے' سے ہے۔
کمیابی (Scarcity)	:	مانگ کے مقابلے کم سپلائی (رسد)۔

- پیگو (pigou) جیسے کلاسیکی ماہر معاشیات نے معاشیات کی تعریف سائنس کے طور پر کی ہے جو دولت کا مطالعہ کرتی ہے۔
- درج بالا تعریف میں لوگوں اور ان کی فلاح و بہبود پر نہیں کیا گیا ہے۔ معاشیات کی تعریف بہبود کی ایک سائنس کے طور پر کی جاتی ہے۔
- بعد کے ماہرین معاشیات نے معاشیات کی تعریف کمیابی اور انتخاب کی ایک سائنس کے طور پر کی ہے۔اس نظریہ کو ایک ماہر معاشیات رابن کے ذریعہ فروغ دیا گیا تھا۔اس نے معاشیات کی تعریف ایک سائنس کے طور پر کی جو انسانی برتاؤ کا مطالعہ احتیاج اور کمیاب ذرائع کے درمیان ایک رشتے کے طور پر کرتی ہے۔اس کمیاب ذرائع کے اختیاری استعمال ہیں۔
- حاجت(Ends) احتیاج(wants) کی دلالت اور ذرائع محدود وسائل کی دلات کرتا ہے۔
- جدید دور میں معاشیات کا دائرہ (وسعت) بڑھ گیا ہے جس میں اشیا کی پیداوار اور صرف شامل ہے۔اسے اب 'نمو' اور ترقی (growth and

development) کی سائنس کے طور پر سمجھا جاتا ہے۔

- بیسویں صدی کے آخر میں معاشیات کو ''تحفظ پسندانہ ترقی کی سائنس'' کے طور پر سمجھا جاتا ہے۔ جو ہماری مستقبل کی نسلوں کے بہبود کو یقینی بنانے کے لیے وسائل کے منصفانہ اور موثر استعمال کی دلالت کرتا ہے۔
- معاشیات کا مطالعہ جزوی معاشیات اور کلی معاشیات میں تقسیم کرنے کے ذریعہ کیا جاتا ہے۔
- جزوی معاشیات سے مراد بہت ہی چھوٹی سطح یعنی ایک فرد، ایک فرم، ایک صنعت وغیرہ کی سطح پر معاشیات کا مطالعہ ہے۔
- کلی معاشیات یا معیشت کے ایک بڑے گروپ جیسے قومی آمدنی، کل صرف، اخراجات، افراط زر وغیرہ کا مطالعہ ہے۔
- معاشیات کو ''مثبت'' اور ''معیاری سائنس'' کے طور پر بھی تقسیم کیا جاتا ہے۔ مثبت (positive) میں ''کیا ہے'' اور معیاری میں ''کیا ہونا چاہیے'' کا مطالعہ کیا جاتا ہے۔ معیاری معاشیات قدری فیصلوں کو اختیار کرتی ہے۔

خود قدر شناسی کیجیے

1۔ معاشیات میں کن باتوں کا مطالعہ کیا جاتا ہے؟

2۔ معاشیات کے بارے میں پیگو اور رابنس کے نظریات بیان کیجیے۔

3۔ جزوی اور کلی معاشیات کس طرح مختلف ہیں؟

4۔ مثبت اور معیاری معاشیات کی وضاحت کیجیے۔